A

710

सम्ग्र शिक्षा केरल
Samagra Shiksha Kerala
സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം

## ആത്യന്തികവിലയിരുത്തൽ II - 2025 - 26

ക്ലാസ് : 7

ഉർദു

സമയം : 2 മണിക്കൂർ 15 മിനിട്ട്

പൊതുനിർദേശങ്ങൾ

1. മൂല്യനിർണ്ണയ പ്രവർത്തനങ്ങൾ ആരംഭിക്കുന്നതിന് മുമ്പ് പതിനഞ്ച് മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ നന്നായി വായിച്ചു മനസ്സിലാക്കണം.
2. ആറു ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഉത്തരമെഴുതിയാൽ മതി.
3. രണ്ടു ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഇന്റേണൽ ചോയിസുണ്ട്. ഇന്റേണൽ ചോയിസുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഒന്നിന് മാത്രം (A OR B) ഉത്തരമെഴുതിയാൽ മതി.

## سرگرمی I

1 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملا کر لکھیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| یومِ اطفال | گاندھی جی کا یومِ وفات |
| یومِ آزادی | جواہر لال نہرو کی پیدائش |
| یومِ جمہوریہ | ۱۵/ آگست |
| یومِ شہادت | ۲۶/ جانوری |

2 دیس کی آزادی کے لیے ہمارے بزرگوں نے جان قربان کردی ہے۔
بچّو، دو مجاہدینِ آزادی کے نام لکھیے۔ پسندیدہ ایک مجاہدِ آزادی کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

## سرگرمی II (A)

بچّو، اشعار غور سے پڑھیے۔ سوالوں کے جواب لکھیے۔

برسات سر پہ آئی کالی گھٹائیں لائی
چھم چھم برس رہا ہے جھم جھم برس رہا ہے
پانی کا شور دیکھو پانی کا زور دیکھو

لہرا رہی ہیں نہریں بل کھا رہی ہیں نہریں
باغوں میں شان آئی کھیتوں میں جان آئی

1 پانی برسنے کی آواز کیسی ہے؟
2 بچو، اشعار غور سے پڑھیے۔اس کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

OR (അല്ലെങ്കിൽ)

## سرگرمی II (B)

اشعار غور سے پڑھیے۔ سوالوں کے جواب لکھیے۔

بڑے سیدھے سادے ہمارے پڑوسی خدا سب کو دے ایسے پیارے پڑوسی
کئی سال سے ان سے ہے آشنائی کبھی کوئی جھگڑا نہ کوئی لڑائی
جو تہوار آئے تو گھر پر بلائیں تواضع کریں اور عزّت بڑھائیں

1 بچو، ان اشعار میں لفظ 'آشنائی' کا مطلب کیا ہے؟ چن کر لکھیے۔
(محنتی، دوستی، خوب صورتی، نرمی)
2 بچو، ان اشعار میں چند ہم آواز الفاظ ہیں۔ دو چن کر لکھیے۔
3 اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

## سرگرمی III

کہانی غور سے پڑھیے۔

چلتے چلتے نندو شہر پہنچا۔ اسے امید تھی کہ کھانے کے لیے کچھ نہ کچھ ضرور مل جائے گا۔ نندو اچانک رُک گیا 'واہ! گرم گرم جلیبی!!' اس کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا۔ دیکھا تو سڑک کے کنارے ایک جلیبی کی دکان ہے۔

1 بچو، کہانی پڑھ کر اشاروں کی مدد سے دو سوالات تیار کیجیے۔
(کہاں، کون، کیوں، کیا)

2 کہانی 'گرم گرم جلیبی' آپ نے پڑھی ہے نا؟
اس میں آپ کے پسندیدہ کردار کون ہے؟ کیوں؟ لکھیے۔

## سرگرمی IV

1 بچّو، کہانی پڑھیے اور سوالوں کا جواب لکھیے۔

راہل سنان کا دوست تھا۔ راہل سنان کی طرح اسکول نہیں جا سکتا تھا۔ اس لیے کلاس ٹیچر کبھی کبھی اس کے گھر جا کر پڑھاتی تھی۔ ایک دن سنان راہل کے گھر گیا۔ اس نے دیکھا کہ راہل اداس بیٹھا ہے۔ ........

a) سنان کا دوست کون تھا؟

b) ٹیچر کبھی کبھی راہل کے گھر جا کر پڑھاتی تھی۔ کیوں؟

2 "کیا کہوں یار! آج میرا تھراپی (Therapy) کا دن ہے اور امّی کے پاس پیسہ نہیں ہے۔"
بچّو، یہ مکالمہ غور سے پڑھیے اور واضح کیجیے کہ یہ کون کس سے کہتا ہے؟

## سرگرمی V (A)

کرشکا شری ایوارڈ یافتہ لیلا بائی کے کھیت دیکھنے کے بعد شام کو شبنم گھر لوٹ آئی۔ ابا جان کو دیکھ کر شبنم خوشی خوشی کہنے لگی۔

شبنم : ابا جان، آج ہم ٹیچر کے ساتھ فیلڈ ٹرپ (Field Trip) گئے تھے۔

ابا جان : ..........................................

شبنم : ..........................................

1 بچّو، شبنم اور ابا جان کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

2 لیلا بائی کو کون سا ایوارڈ ملا ہے؟

(پدم شری، کلا شری، یوا شری، کرشکا شری)

OR (അല്ലെങ്കിൽ)

## سرگرمی V (B)

لیلا بائی کی باتیں سن کر آنند کو کھیتی کرنے کا مزہ آگیا۔ کرشی آفیسر سے ملنے کے لیے وہ کرشی بھون گیا اور پوچھنے لگا۔

آنند : آداب آفیسر جی۔

آفیسر : ..............................................

1 بچّو، اشاروں کی مدد سے آنند اور کرشی آفیسر کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

(اشارے : بیج، کھاد، پودا، کسان، مدد)

2 نیچے چند چیزوں کے نام ہیں۔ ان میں اناج کون سا ہے؟

( گیہوں، گاجر، گوبھی، گوشت )

## سرگرمی VI



آج یومِ ماحولیات ہے۔ ٹیچر کہنے لگی۔

بچّو، آج کل موسم بدل بدل رہا ہے۔ کبھی زور دار بارش میں سیلاب آتا ہے۔ کبھی کبھی دھوپ کی وجہ سے سارے کھیت سوکھ جاتے ہیں۔

1 یومِ ماحولیات کب منایا جاتا ہے؟

(۱۵/ اگست، ۵/ جون، ۲۶/ جنوری، ۱۴/ نومبر)

2 بچو، جملے غور سے پڑھیے۔

| | |
|---|---|
| (a | زور سے پانی برس رہا ہے۔ |
| (b | سارے کھیت سوکھ گئے ہیں۔ |
| (c | ندی نالوں میں پانی بڑھ رہا ہے۔ |
| (d | ندی نالوں میں پانی کم ہو رہا ہے۔ |

ان میں برسات سے متعلقہ صحیح جملے ہیں۔ نیچے دیے گئے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

A a صحیح نہیں ہے۔

B a اور c صحیح ہے۔

C b اور d صحیح ہے۔

D c صحیح نہیں ہے۔

3 بچو، گرمی کے موسم میں ماحول میں کئی تبدیلیاں آتی ہیں۔

وہ کیا کیا ہیں؟ اپنے خیالاتِ لکھیے۔